# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام: بابائے قوم قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔
الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ چارٹ پیپر کے بنے پھول

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- چار چار بچوں کے گروہ بنا دیں۔
- بچوں سے پوچھیں: پاکستان کن کی کوششوں سے بنا؟
- پاکستان کے بانی کا نام بتائیں؟

**تدریسی طریقہ کار:** (منٹ25)

- بچوں سے کہیں کہ کتاب کا صفحہ نمبر 67 کھولیں اور موضوع سے متعلق بات چیت کریں۔
- بچوں کو سبق "بابائے قوم قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ" کے "تلفظ سیکھیں" کے الفاظ کی بار بار پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد ان ہی الفاظ پر مشتمل کاغذی پرچیاں بچوں میں تقسیم کر دیں، باری باری ہاتھ بلند کروا کر ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- درست تلفظ کی ادائی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔ آخر میں ایک بار استاد خود ان الفاظ کو بلند آواز میں درست تلفظ سے ادا کریں۔
- سبق کے متن کی چند لائنوں کو پہلے خود درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس دوران بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ آپ کے پڑھائے گئے متن کو غور سے سنیں۔
- اس کے بعد بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کر لیں۔
- اب پرچی پر جس بچے کا نام نکلے گا وہ سبق کی دو لائنیں پڑھے گا۔
- سبق سنتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے درست تلفظ کے ساتھ سبق پڑھ رہے ہیں۔
- اگر پرچی پر اُس بچے کا نام نکلے جس کو پڑھنے میں دقت پیش آ رہی ہے اور وہ پڑھنے میں جھجک بھی محسوس کر رہا ہے، اس کو خاص توجہ دیں۔
- پاس بٹھا کر پیار کے ساتھ اس کی اصلاح کریں، تاکہ بچے کی جھجک بھی ختم ہو جائے۔
- اب ایک ایک پرچی نکالتے جائیں اور بچوں سے پڑھائی کرواتے جائیں۔

- متن کی پڑھائی کے آخر میں بچوں سے متن سے متعلق سوالات کریں تا کہ بچوں کی فہم کا جائزہ لیا جا سکے۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 68 پر موجود مشق پر موجود نئے الفاظ کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے۔
- الفاظ اور ان کے معانی کو چارٹ پیپر کے بنے ہوئے پھول اور پتوں پر لکھ لیں۔
- الفاظ کو پھولوں اور معانی کو پتوں پر لکھ لیں۔ جماعت کے بچوں میں یہ پھول اور پتے تقسیم کر دیں۔
- اب اِن پتوں اور پھولوں کی مدد سے الفاظ، معانی کو شناخت کروانے کی سرگرمی کروائیں۔
- باری باری پھولوں والے بچے اپنا اپنا لفظ بتائیں اور جن بچوں کے پاس ان کے معنی والے پتّے ہوں وہ ان کے پاس جا کر کھڑے ہو جائیں۔
- اب استاد ان پھولوں اور پتوں کو بچوں کی مدد سے بورڈ پر ٹیپ کی مدد سے چسپاں کر دیں۔
- اس سرگرمی کے تحت تمام الفاظ معانی کے جوڑے بنائیں اور بعد ازاں انھیں بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- اس دل چسپ سرگرمی سے بچوں کو الفاظ معانی جلدی اور آسانی سے یاد ہو جائیں گے۔ اس کے بعد کتاب کا کام مکمل کروائیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر سبق میں موجود مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | | سبق کا نام: بابائے قوم قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

درست جوابات کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹرز اُردو جماعت دوم کی کتاب، سوالات کی پرچیاں، گتے کا بنا پہیا، جملوں کے کارڈ

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے سامنے میز پر گتے کا بنا ہوا پہیا اس طرح سے رکھیں کہ بچے اسے آسانی سے دیکھ سکیں۔
- پہیا آسانی سے گھوم سکتا ہو اور اس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- اب میز پر پہیے کے پاس ایک ٹوکری رکھیں جس میں سبق "بابائے قوم قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ" میں سے کوئی سے چار سوالات پرچیوں پر لکھے ہوئے ہوں اور ان کی باہر کی جانب ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- پرچیوں کے ایک طرف سوال اور دوسری طرف نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیاں بند کر دیں۔
- اب کمرہ جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ پہیا گھومتا ہوا جس نمبر پر رکے گا، بچے کو اس نمبر کی پرچی دیں۔
- بچہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھے گا اور اس کا جواب بتائے گا۔
- اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے باقی بچوں سے باقی پرچیوں پر بھی کروائیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے سوالات اور ان کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر کاپیوں میں لکھیں۔ اس دوران میں کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیتے رہیں اور ان کی رہنمائی کریں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 69 پر موجود سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔ 5 کارڈ لیں، جن پر تین ممکنہ جوابات لکھے ہوں، جن میں سے دو غیر متعلقہ اور ایک جواب درست ہو۔ ایک جملے کے چار کارڈ اس طرح سے کل 20 کارڈ بنائیں۔
- یہ کارڈ اور جملوں کی پرچیاں پلاسٹک کی تھیلیوں میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ایک تھیلی میں ایک جملے اور اس سے متعلقہ ممکنہ جوابات کے کارڈ ہوں۔

- بچوں کو 5 گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔
- پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب پر دیا ہوا سوال نمبر 3 بورڈ سے دیکھ کر حل کریں۔ اس دوران میں ان کی رہنمائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات بورڈ پر لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) سوالات کے جوابات دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: بابائے قوم قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ | |

**مقاصد:** غلط درست فقرات کی نشاندہی کر سکیں۔
امر و نہی کے جملوں کی نشاندہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹڈ زاُردو جماعت دوم کی کتاب، گیند، جملوں کی چٹیں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔
- اور ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں ایک دائرے میں کھڑا کر دیں۔
- اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو کوئی گیند دیں، جس پر چھے جملوں کی چٹیں اس طرح سے لگی ہوں کہ ان پر لکھے ہوئے جملے نظر نہ آئیں۔ خود گھنٹی بجانا شروع کریں اور اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔ اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔
- اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو، گیند پر لگی ہوئی چٹوں میں سے ایک چٹ اتار کر اس پر لکھا ہوا جملہ بتائیں اور اس بچے سے پوچھیں کہ اس جملے میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا گیا ہے یا کام کے کرنے سے منع کیا گیا ہے؟
- درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کے بچے کو جواب بتانے کا موقع دیا جائے گا۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے جملوں کے کارڈ بنا کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں، اور ان کے غلط اور درست ہونے کی نشان دہی کریں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر وہی جملے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔

| |
|---|
| • مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا جملہ آیا تھا؟<br>• اسی طرح یہ سرگرمی باقی جملوں پر مختلف گروہوں کے بچوں سے کرواتے ہوئے تمام جملے مکمل کروائیں۔<br>• جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، اس کو شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے غلط درست ہونے کی نشان دہی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اول | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: بابائے قوم قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ | |

**مقاصد:** الفاظ کی ابتدائی آواز تبدیل کر کے نئے الفاظ بنا سکیں۔

ایک سے بیس درست عددی ترتیب لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت دوم کی کتاب، باجا، چارٹ کی بنی قلفیاں

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کی دو ٹیمیں بنا دیں۔
- ایک کو ٹیم گلاب اور دوسری کو ٹیم سورج کا نام دے دیں۔ ہر گروہ کو ایک ایک باجا دے دیں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ آپ الفاظ بولیں گے / گی۔ انھیں الفاظ کو غور سے سننا ہے اور ان کی ابتدائی آوزیں بدل کر نئے الفاظ بنانے ہیں۔
- اب سوال نمبر 5 کے تحت دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "نوٹ" بولیں، ساتھ ہی اس لفظ کی ابتدائی آواز تبدیل کر کے نیا لفظ "بوٹ" بنائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پیارے، دھونے، شام، مالی، رات، آئیں، مان پر کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے پہلے باجا بجائیں۔ انھیں بتانے کا موقع دیں۔'
- درست لفظ بتانے کے دو نمبر ہیں۔ درست لفظ بتانے پر بورڈ پر متعلقہ گروہ کے خانے میں دو نمبر لکھ دیں اور غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ میں سے کسی بچے کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی حروف پر بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)


- اب بورڈ پر تین الفاظ "گیارھواں، گیارھوِیں، گیارھویں" لکھیں۔
- بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ الفاظ گیارھواں، گیارھوِیں، گیارھویں عددی ترتیب ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ وہ الفاظ جو چیزوں کی ترتیب اور درجوں کو ظاہر کریں "عددی ترتیب" کہلاتے ہیں۔

| لفظی گنتی | | | |
|---|---|---|---|
| | گیارھواں | گیارھوِیں | گیارھویں |
| بارہ | بارھواں | بارھوِیں | بارھویں |
| تیرہ | تیرھواں | تیرھوِیں | تیرھویں |
| چودہ | چودھواں | چودھوِیں | چودھویں |
| پنّدرہ | پنّدرھواں | پنّدرھوِیں | پنّدرھویں |

- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں اردو گنتی اور دوسرے میں عددی ترتیب کی سرخی دیں۔ گنتی والے کالم میں گیارہ تا بیس اعداد لکھ دیں اور دوسرے کالم میں ان اعداد کی عددی ترتیب لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سولہ | سولھواں | سولھوِیں | سولھویں |
| سترہ | سترّھواں | سترّھوِیں | سترّھویں |
| اٹھّارہ | اٹھّارھواں | اٹھّارھوِیں | اٹھّارھویں |
| اُنّیس | اُنّیسواں | اُنّیسوِیں | اُنّیسویں |
| بِیس | بِیسواں | بِیسوِیں | بِیسویں |

- اب بچوں کے دس گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ کو چارٹ کی بنی ہوئی مختلف رنگوں کی قلفیاں دیں، جن میں لفظی گنتی "گیارہ تا بیس" لکھی ہو اور ان کے نیچے عددی ترتیب لکھنے کی جگہ ہو۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ قلفیوں پر لکھی ہوئی لفظی گنتی پڑھیں، پھر دی گئی جگہ میں انھیں عددی ترتیب سے لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- اساتذہ بورڈ پر نمونے کے طور پر لکھ کر اس کی وضاحت بھی کر سکتے ہیں۔ اس دوران میں بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک پر لفظی گنتی کی اور دوسرے پر عددی ترتیب کی سرخی لکھیں۔ لفظی گنتی والے کالم میں "گیارہ تا بیس" لفظی گنتی لکھ دیں۔




- مقررہ وقت کے بعد کوئی عدد بولیں۔
- جس گروہ کے پاس اس عدد پر مبنی قلفی ہو گی، اس گروہ کا کوئی بچہ آئے گا اور بورڈ پر لفظی گنتی والے کالم میں لکھے ہوئے اس لفظ کے سامنے اس لفظ کو عددی ترتیب میں لکھے گا۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اسی طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، وہ جیت جائے گا۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) اب بورڈ پر اعداد "ایک تا بیس" لکھ دیں اور ان کے سامنے عددی ترتیب لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے اعداد کو عددی ترتیب سے لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کر کے آنی ہیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اول | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: بابائے قوم قائدِاعظم محمد علی جناحؒ | |

**مقاصد:** الفاظ کے متضاد بنا سکیں۔

کسی بھی موضوع پر خود سے پانچ سے سات جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹڈز اُردو جماعت دوم کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- سورج آسمان پر کس وقت چمکتا ہے؟
- تارے آسمان پر کس وقت دکھائی دیتے ہیں؟
- کس موسم میں بہت زیادہ گرمی ہوتی ہے؟
- ہم گرم کپڑے کس موسم میں پہنتے ہیں؟ وغیرہ
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- اب بورڈ پر رات کے منظر کی تصویر چسپاں کر کے پوچھیں کہ تصویر میں کس وقت کا منظر دکھایا گیا ہے؟
- اس کے بعد دن کی تصویر چسپاں کر کے اس میں دکھائے گئے منظر کے بارے میں پوچھیں۔
- رات کی تصویر کے نیچے، رات اور دن کی تصویر کے نیچے دن لکھ دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ہم دن میں کام کرتے ہیں اور رات میں آرام کرتے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ دن اور رات ایک دوسرے کے الٹ ہیں۔ وہ الفاظ جو معانی کے لحاظ سے ایک دوسرے کے الٹ ہوں، انھیں متضاد الفاظ کہتے ہیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں جملے اور دوسرے میں الفاظ متضاد کی سرخی لکھ دیں۔
- جملوں والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 72 پر سوال نمبر 8 کے تحت دیے ہوئے جملے لکھ دیں۔ اب بچوں سے جملے پڑھوائیں اور ان میں موجود متضاد الفاظ چُن کر دوسرے کالم میں لکھتے جائیں۔

| |
|---|
| • جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔<br>• اب بورڈ پر سوال نمبر 10 کی سرگرمی کروانے کے لئے لکھیں۔ ""بڑا آدمی بننے کے لئے انسان میں کن کن خوبیوں کا ہونا ضروری ہے ؟""<br>• بچوں سے پوچھیں کہ ان کے خیال میں بڑا آدمی بننے کے لئے کیا کیا خوبیاں ہونی چاہییں۔ ان کو سوچنے کا موقع دیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد بچوں سے کہیں کہ کوئی سے پانچ جملے لکھیں۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھ کر متفرق بچوں سے ان کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: بچت کریں، مدد کریں | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔
الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت دوم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- چار چار بچوں کے گروہ بنادیں۔
- بچوں سے پوچھیں: پانی کا نل کھلا چھوڑنے سے کیا ہوتا ہے؟
- پانی کو ضائع ہونے سے کیسے بچایا جاسکتا ہے؟

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں سے کہیں کہ کتاب کا صفحہ نمبر 73 کھولیں اور موضوع سے متعلق بات چیت کریں۔
- بچوں کو سبق "بچت کریں، مدد کریں" کے "تلفظ سیکھیں" کے الفاظ کی بار بار پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد ان ہی الفاظ پر مشتمل کاغذی پرچیاں بچوں میں تقسیم کردیں، باری باری ہاتھ بلند کرواکر ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- درست تلفظ کی ادائی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔ آخر میں ایک بار استاد خود ان الفاظ کو بلند آواز میں درست تلفظ سے ادا کریں۔
- سبق کے متن کی چند لائنوں کو پہلے خود درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس دوران بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ آپ کے پڑھائے گئے متن کو غور سے سنیں۔
- اس کے بعد بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کرلیں۔
- اب پرچی پر جس بچے کا نام نکلے گا وہ سبق کی دو لائنیں پڑھے گا۔
- سبق سنتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے درست تلفظ کے ساتھ سبق پڑھ رہے ہیں۔
- اگر پرچی پر اُس بچے کا نام نکلے جس کو پڑھنے میں دقت پیش آرہی ہے اور وہ پڑھنے میں جھجک بھی محسوس کررہا ہے، اس کو خاص توجہ دیں۔
- پاس بٹھا کر پیار کے ساتھ اس کی اصلاح کریں، تاکہ بچے کی جھجک بھی ختم ہوجائے۔
- اب ایک ایک پرچی نکالتے جائیں اور بچوں سے پڑھائی کرواتے جائیں۔

- متن کی پڑھائی کے آخر میں بچوں سے متن سے متعلق سوالات کریں تا کہ بچوں کی فہم کا جائزہ لیا جاسکے۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 75 پر موجود مشق پر موجود نئے الفاظ کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے۔
- الفاظ اور ان کے معانی کو چارٹ پیپر کے بنے ہوئے پھول اور پتوں پر لکھ لیں۔
- الفاظ کو پھولوں اور معانی کو پتوں پر لکھ لیں۔ جماعت کے بچوں میں یہ پھول اور پتے تقسیم کر دیں۔
- اب اِن پتوں اور پھولوں کی مدد سے الفاظ، معانی کو شناخت کروانے کی سرگرمی کروائیں۔
- باری باری پھولوں والے بچے اپنا اپنا لفظ بتائیں اور جن بچوں کے پاس ان کے معنی والے پتّے ہوں وہ ان کے پاس جا کر کھڑے ہو جائیں۔
- اب استاد ان پھولوں اور پتوں کو بچوں کی مدد سے بورڈ پر ٹیپ کی مدد سے چسپاں کر دیں۔
- اس سرگرمی کے تحت تمام الفاظ معانی کے جوڑے بنائیں اور بعد ازاں انھیں بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- اس دل چسپ سرگرمی سے بچوں کو الفاظ معانی جلدی اور آسانی سے یاد ہو جائیں گے۔ اس کے بعد کتاب کا کام مکمل کروائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر سبق میں موجود مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔ اور ورک شیٹ مکمل کرنی ہے۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| نعمتیں | |
| گیس کی بو | |
| میٹر | |
| سیراب کرنا | |
| احتیاط سے | |
| لاپروائی | |